پریس ریلیز۔ مورخہ 03-10-2024

مثالی ٹاؤن بنانے کا دعوی تاجران اور مارکیٹ ایسوسی ایشن کی مدد کے بغیر ممکن نہیں، فرحان غنی

تجاوزات کے خاتمہ کے بعد ہی ہم اپنے علاقوں کے ترقیاتی کاموں کا ثمر حاصل کرسکتے ہیں، چیئرمین چنیسر ٹاؤن

مثالی ٹاؤن بنانے کا دعوی تاجران اور مارکیٹ ایسوسی ایشن کی مدد کے بغیر ممکن نہیں۔ فرحان غنی، تجاوزات کے خاتمہ کے بعد ہی ہم اپنے علاقوں کے ترقیاتی کاموں کا ثمر حاصل کرسکتے ہیں۔ چیئرمین چنیسر ٹاؤن فرحان غنی نے ٹاؤن میونسپل کارپوریشن چنیسر آفس میں محمود آباد گیٹ، لیاقت اشرف کالونی، علامہ اقبال کالونی کے تاجران کی اہم میٹنگ کی صدارت کی جس میں ٹاؤن میں موجود تجاوزات کے خاتمہ کیلیئے تاجران اور اہل علاقہ سے رضا کارانہ تعاون کی درخواست کی۔ ٹاؤن چیئرمین کا کہنا تھا کہ بلدیاتی ادارے اور ٹاؤن انتظامیہ عوام کی مدد کے بغیر تجاوزات، صفاء اور دیگر عوامی مسائل کا سدباب نہیں کرسکتے۔ ہمیں انفرادی فائدوں کی سوچ سے نکل کر اجتماعی مثبت سوچ اپنانے کی ضرورت ہے۔ تاجران اور اہل علاقہ کی مدد کے بغیر الیکشن کمپین میں عوام سے کیا گیا مثالی ٹاؤن بنانے کا دعوی پورا نہیں کیا جاسکتا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین چنیسر ٹاؤن ندیم خیالی کا کہنا تھا ٹاؤن انتظامیہ ٹاؤن کی بہتری کیلیئے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے لیکن تجاوزات ہمارے ترقیاتی کاموں میں سب سے بڑی رکاوٹ بن رہی ہے۔ تاجران کے وفد نے اپنی گزارشات ٹاؤن چیئرمین کے سامنے رکھتے ہوئے رضا کارانہ تجاوزات کے خاتمہ کیلیئے اپنا کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی اور ٹاؤن چیئرمین کے مشاورت کے عمل پر انکا شکریہ ادا کیا۔

جاری کردہ: ٹاؤن میونسپل کارپوریشن چنیسر #tmcchanesar

کیپشن:

چیئرمین چنیسر ٹاؤن فرحان غنی ٹاؤن میں موجود تاجران و مارکیٹ ایسوسی ایشن سے خطاب کر رہے ہیں۔

چیئرمین چنیسر ٹاؤن فرحان غنی ٹاؤن میں موجود تاجران و مارکیٹ ایسوسی ایشن سے خطاب کر رہے ہیں۔